سوال

(421)قرآن وحدیث پڑھانے پر تنخواہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قرآن وحدیث پڑھانے کا عوض مزدوری یا تنخواہ یعنی جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح حدیث میں آیا ہے احق ما اخذ تم علیہ اجرا کتاب اللہ سب سے اچھی مزدوری کتاب اللہ پر ہے اس لئے اگر کوئی مزدوری کے لئے پڑھا دے تو جائز ہے ہاں اگر کوئی فی سبیل اللہ پڑھا دے تو پھر مزدوری مانگنا جائز نہیں، از خودہ احسان کریں، تو قبول کرے منع کے متعلق کوئی حدیث نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص403

محدث فتویٰ